اطلاع

سررشتہ تعلیمات سرکار آصفیہ کی جانب سے ہر سال ترجمان القرآن کے جو ڈھائی سو پرچے مدارس کے لیے خریدے جاتے تھے اُن کو ماہ شوال ۵۶ھ سے گھٹا کر (۱۱۸) کر دیا گیا ہے لہذا جن مدارس وسطانیہ و تحتانیہ کو آئندہ مہینہ سے پرچہ نہ پہنچے انھیں یاد دہانی کی زحمت نہ اٹھانی چاہیے۔

جو مدارس آئندہ اس رسالہ کی خریداری جاری رکھنا چاہیں وہ اپنے بجٹ سے پرچہ خرید سکتے ہیں۔

منیجر

اطلاع ثانی

ماہ ذی القعدہ ۵۶ھ میں رسالہ ترجمان القرآن کا دفتر حیدر آباد سے جمال پور ضلع گورداسپور (پنجاب) میں منتقل ہو جائے گا۔ صرف ماہ شوال کا پرچہ حیدر آباد سے شائع ہو گا۔ لہذا ممالک محروسہ سرکار نظام کے اضلاع میں جو اصحاب اس رسالہ کے خریدار ہیں وہ براہِ کرم دفتر کو مطلع فرما دیں کہ ان کا پرچہ کس مقام کے انگریزی ٹپہ خانہ کی معرفت بھیجا جائے۔

منیجر